شہر کراچی میں کے ڈی اے کی قیمتی اراضی پر عرصہ دراز سے قبضہ مافیا نے ناجائز قبضہ کیا ہوا تھا، حکومت سندھ نے اراضی واگزار کرانے میں مدد وتعاون فراہم کیا جس کے باعث کراچی کی تاریخ میں وسیع پیمانے پر قبضہ مافیا کے خلاف بلاتفریق اور تسلسل کے ساتھ کارروائی کی گئی۔ گزشتہ 14 برس

کھیل کے میدان

کے دوران کے ڈی اے کے مالی اور غیر منقولہ اثاثہ جات کو بے دردی کے ساتھ لوٹا گیا بلکہ کے ڈی اے کی تمام اسکیموں اور ٹاؤن شپس میں موجود قیمتی قطعات اراضی پر قبضہ کر کے لینڈ مافیا نے فروخت کردیئے۔ کے ڈی اے کی تمام اسکیموں اور ٹاؤن شپس میں قائم تجاوزات کا خاتمہ کیا جارہا ہے جبکہ تجاوزات کی روک تھام کے لئے کے ڈی اے کی تمام اسکیموں اور ٹاؤن شپس میں سخت نگرانی کی جارہی ہے۔

حال ہی میں گلشن اقبال سرسید یونیورسٹی کے بالمقابل کے ڈی اے اراضی واگزار کرا کے شہریوں کے لئے ہاکی اسٹیڈیم کی صورت میں صحتمندانہ ماحول فراہم کیا گیا۔ اس سلسلے میں ہاکی اسٹیڈیم کی افتتاحی تقریب کا اہتمام کیا گیا، تقریب کے مہمان خصوصی اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی تھے جبکہ صوبائی وزیر اطلاعات ونشریات ناصر حسین شاہ نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں کے ڈی اے مشیر کھیل ڈاکٹر جنید علی شاہ، چیئرمین ہاکی ایسوسی ایشن گلفراز خان، اولمپین حنیف خان، سمیع اللہ، اعجاز احمد، ڈاکٹر ماجد، ریاض الدین، ممبر ایڈمنسٹریشن کے ڈی اے غلام عباس ڈیتھو، کے ڈی اے میڈیا کوآرڈی نیٹر فرمان شاہ ودیگر افسران نے شرکت کی۔

اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی اور وزیر اطلاعات ونشریات ناصر حسین شاہ نے یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ حکومت سندھ کے ڈی اے کے مثبت اقدام کی

اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی، سابق وزیر اطلاعات ناصر حسین شاہ
ڈی جی کے ڈی اے سمیع الدین صدیقی کے ڈی اے ہاکی گراؤنڈ کا افتتاح کر رہے ہیں

بھرپور حمایت اور اپنا مکمل تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان نسل کے لئے صحتمندانہ سرگرمیاں فراہم کرنا خوش آئند اقدام ہے اور ڈی جی کے ڈی اے اس اقدام کے باعث مبارکباد کے مستحق ہیں۔

اس موقع پر ڈی جی کے ڈی اے نے کہا کہ عرصہ دراز سے شہریوں کو تفریحی مقامات اور صحتمندانہ سرگرمیوں سے محروم رکھا گیا، ادارہ شہریوں کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کا ضامن ہے، ابتدائی مرحلے میں گلشن اقبال ST-17، بلاک 5 میں قائم کے ڈی اے اراضی کو ہنگامی بنیادوں پر واگزار کرا کے نوجوان نسل کو صحتمندانہ سہولیات فراہم کرنے کے لئے کراچی ہاکی ایسوسی ایشن کے تعاون سے جدید طرز پر ہاکی اسٹیڈیم کو فعال کردیا گیا۔ کھیلوں کو فروغ دینے اور میدانوں کو آباد کرنے کے لئے ادارہ اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لارہا ہے، واگزار کرائی گئی کے ڈی اے اراضی پر قائم 54 سے زائد کھیلوں کے میدان کو آباد کرنے کے لئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

کے ڈی اے مشیر کھیل جنید علی شاہ نے مختصر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈی جی کے ڈی اے کی ذاتی دلچسپی کے باعث ایک بار پھر شہر کراچی میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور میدان آباد کرنے کیلئے ادارہ کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔

ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی سمیع الدین صدیقی کے ڈی اے آفیسر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کر رہے ہیں